| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: سیرت طیبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی ولادت باسعادتِ مبارکہ کے بارے میں جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کون ہیں؟ طلبہ کو سوچنے دیں اور بولنے کا موقع دیں۔ جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ طلبہ سے نبی اور رسول کا مطلب پوچھیں۔ انھیں بتائیں کہ آج ہم نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے بارے میں معلومات جانیں گے۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 32 کھولنے کی ہدایت دیں اور سبق کا نام بلند آواز سے پڑھوائیں۔
- سبق کو (ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ بہت خوش ہوئے) پڑھیں ساتھ ساتھ سبق کا متن واضح کرتے جائیں اور مشکل الفاظ کی دہرائی اور ان کا مطلب بھی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ 12 ربیع الاوّل کو پیر کے دن سعودی عرب کے شہر مکہ میں پیدا ہوئے۔

تختہ تحریر پر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی تاریخ پیدائش لکھیں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وأصحابہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وأصحابہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وأصحابہ وسلم کے والد ماجد کا نام حضرت عبد اللہ اور والدہ ماجدہ کا نام حضرت بی بی آمنہ ہے۔
- تختہ تحریر پر ان ناموں کو خوش خط لکھیں اور طلبہ کو ان ناموں کے فلیش کارڈز دکھائیں۔
- بتائیں کہ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وأصحابہ وسلم کے والد آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وأصحابہ وسلم کی پیدائش سے چند ماہ پہلے ہی وفات پا گئے تھے۔ جب آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وأصحابہ وسلم پیدا ہوئے تو آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وأصحابہ وسلم کے دادا حضرت عبد المطلب نے بہت خوشی منائی۔
- طلبہ کو یہ تمام معلومات یاد کروائیں اور ان الفاظ کے پڑھنے اور لکھنے کی مشق تختہ تحریر پر کروائیں۔

مشکل الفاظ پڑھنے کا طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| مشہور | مش۔ ہُور | نامور، معروف |
| پیدائش | پے۔ دا۔ اِش | پیدا ہونا |
| ماہ | ماہ | مہینا |
| وفات | وَ۔ فات | موت |

**اعادہ:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں اور طلبہ کو تلقین کریں کہ جب نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وأصحابہ وسلم کا نام پڑھا، لکھا یا بولا جائے تو صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وأصحابہ وسلم ضرور کہیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

صفحہ نمبر 34 میں مشق کے جزو 1 کے پہلے دو سوالات کے جوابات طلبہ سے پوچھیں درست جواب دینے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں سوالات کے جوابات تختہ تحریر پر خوش خط لکھیں اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ ان کو کاپیوں پر اتاریں اور یاد کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**


دیے گئے خانوں میں حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ سے **متعلق معلومات** فراہم کریں۔

| والد کا نام | والدہ کا نام | دادا کا نام |
| --- | --- | --- |
| | | |

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: اسلامیات | سبق: ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ |
| --- | --- | --- |

نقطے ملائیں اور رنگ بھریں۔



| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: سیرت طیبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی وِلادت باسعادتِ مبارکہ کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے گھرانے کے متعلق جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ مارکر۔اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ پچھلے سبق کی دہرائی کے لیے طلبہ سے سوال پوچھیں کہ

(الف) حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(ب) حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے والد کا کیا نام ہے؟

(ج) حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی والدہ ماجدہ کا کیا نام ہے؟

طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی ولادت اور گھرانے سے متعلق معلومات جانیں گے۔

**طریقہ تدریس:** **20 منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 33 کھولنے کی ہدایت دیں اور سبق کی سطریں (حضور خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی والدہ ماجدہ نے۔۔۔ آپ کی پرورش کی ذِمہ داری لی) پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کی دہرائی کرائیں اور ان کا مطلب سمجھائیں اور بتائیں۔

- طلبہ کو نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی آمد سے متعلق بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم تک ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیائے کرام علیہم السلام اس دنیا میں بھیجے۔

انھوں نے دنیا میں آ کے لوگوں کو ایک اللہ کی عبادت کرنے کا حکم دیا۔ نیکی کے کام کرنے اور برے کاموں کو کرنے سے روکا۔

- انھیں آگاہ کریں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کے لیے ہدایت کا ذریعہ بنا کر بھیجا۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بعد قیامت تک کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا۔
- طلبہ کو نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی پرورش کے واقعات بتائیں۔
- انھیں بتائیں کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی والدہ نے آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا نام احمد اور دادا حضرت عبدالمطلب نے آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا نام محمد رکھا۔
- طلبہ کو عرب کے رواج کے بارے میں بتائیں کہ عرب میں بچوں کو پیدا ہوتے ہی دیہات میں دیہاتی عورتوں کے ساتھ بھیج دیتے جہاں کی کھلی ہوا میں ان کی بہترین جسمانی پرورش ہوتی اور ساتھ وہ خالص عربی زبان بھی سیکھتے اور وہ ان خدمات کا معاوضہ لیتی تھیں۔

اسی دستور کے مطابق حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا نے آپ کو گود لیا اور آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو اپنے گاؤں لے گئیں۔ وہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے بہت محبت کرتی تھیں۔

حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ان کے گھر میں آنے سے رحمتوں اور برکتوں کی بارش ہو گئی۔ ہمارے گھر میں خوشیاں ہی خوشیاں آ گئیں اور غربت دور ہو گئی۔

جب آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی عمر پانچ سال ہوئی تو حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو لے کر آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی والدہ حضرت آمنہ کے پاس آئیں اور آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو سپرد کر دیا۔

- طلبہ کو بتائیں کہ جب آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی عمر چھے برس ہوئی تو آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی والدہ وفات پا گئیں اور آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی پرورش آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے دادا حضرت المطلب نے کی۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے دادا آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے بہت محبت کرتے تھے اور ہر وقت آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو اپنے ساتھ رکھتے تھے۔

دادا کی وفات کے بعد آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی عمر چھ برس ہوئی تو آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی پرورش کا ذِمہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے چچا نے لیا۔

تختہ تحریر پر حضرت محمد رسول اللہ کے دادا اور چچا کا نام خوش خط لکھیں۔

مشکل الفاظ پڑھنے کا طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| رواج | رَ۔واج | عام دستور۔رسم |
| مطابق | مُ۔طا۔بِق | موافق۔برابر |
| دیہات | دَی۔ہات | بہت سے گاؤں |

**اعادہ:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

صفحہ نمبر 34 مشق کے جزو (2) کا سوال کتاب پر حل کروائیں۔ سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

طلبہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے والد، والدہ، دادا اور چچا کا نام اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ جب بھی آپ کے سامنے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کا نام لیا جاتا ہے تو کیا آپ درود پڑھتے ہیں؟

جماعت میں طلبہ کو درود پڑھنے کی مشق کروائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرت طیبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ |

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے گھرانے کے متعلق جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں آمادگی کے لیے طلبہ سے سوال پوچھیں

الف: والدہ کی وفات کے وقت حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ س کی عمر کیا تھی۔

ب: والدہ کی وفات کے بعد آپ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پرورش کس نے کی؟

ج: دادا کی وفات کے بعد آپ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پرورش کس نے کی؟

طلبہ کو بتائیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ تمام نبیوں کے سردار ہیں۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو اللہ تعالیٰ نے تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب صفحہ نمبر 33 کا آخری پیرا گراف طلبہ سے پڑھوائیں مشکل الفاظ کی دہرائی کروائیں اور ان کا مطلب واضح کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ دادا کی وفات کے بعد آپ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے چچا نے آپ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی ذِمہ داری لی تو اسے بخوبی نبھایا۔

- حضرت ابو طالب آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم کو اپنے سگے بیٹوں سے زیادہ پیار کرتے تھے ان کا شمار مکہ کے سرداروں میں ہوتا تھا۔ ان کی موجودگی میں کسی میں اتنی ہمت نہ تھی کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے بارے میں کچھ کہہ سکے۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے ہر دور میں اپنے بندوں کے لیے نبی بھیجے جنھوں نے لوگوں کو سیدھا راستہ دکھایا اور برے کاموں سے روکا۔ لیکن نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم اللہ تعالیٰ کے محبوب ترین نبی اور رسول ہیں۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے اللہ تعالیٰ کا پیغام اس کے بندوں تک پہنچایا۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے بعد کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا۔
- اور جو کوئی بھی نبی یا رسول ہونے کا جھوٹا دعویٰ کرے گا وہ کذاب اور دجال ہوگا۔ اور دائرہ اسلام سے خارج ہوگا۔
- طلبہ کو نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے نام کے ساتھ مختصر درود پڑھنے کی مشق کروائیں۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا کہ جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت فرماتا ہے اس کے دس گناہ معاف کردیے جاتے ہیں اور اس کے لیے دس درجات بلند کردیئے جاتے ہیں۔ (نسائی)

مشکل الفاظ پڑھنے کا طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| پرورش | پَر۔وَ۔رَش | پالنا |
| ذِمہ داری | ذِم۔مہَ۔داری | جوابدہ۔ فرض شناس |
| سگے | سَ۔گے | اپنا۔ حقیقی |
| وصال | وَ۔صال | انسان کا خدا سے جاملنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

صفحہ نمبر 34 مشق کا جزو (1) کے سوالات حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2 منٹ**

جماعت میں پڑھایا ہوا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5 منٹ**

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بچپن کے واقعات کے نمبر لکھ کر درست ترتیب واضح کریں۔

حضرت عبد اللہ کی وفات

حضرت عبد المطلب کی زیر پرورش

حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے سپرد

حضرت آمنہ کی وفات